اخبار الجامعہ

محمد ایوب غلام

6-10-08 کلیۃ الشریعۃ کی پرشکوہ عمارت کا افتتاح بدست رئیس مجلس العمل چیف ایڈیٹر (مجلہ التراث) الشیخ عبدالرشید صدیقی ہوا۔اس پرمسرت موقع پر ایک افتتاحی جلسہ زیرصدارت نائب مدیر عام حافظ عبدالرحمٰن مدنی منعقد ہوا ،جس میں الشیخ محمد حسین آزاد،مولانا محمد ابراہیم خان،مولانا عبدالرشید صدیقی اور ڈاکٹر محمد اسماعیل امین نے زریں خیالات کا اظہار کیا۔

28-10-08 جمعیت طلباء جامعہ کے مابین مولانا شیخ الحدیث عبدالرحیم روزی کی منصفی میں تقریری مقابلہ ہوا،جس میں اورنگزیب بلغاری نے اول،حافظ عمر سالک نے دوم اور عبدالغفور ایوب نے سوم پوزیشن حاصل کی۔

17-11-08 جمعیت طلباء جامعہ کا اختتامی جلسہ زیرصدارت مدیر الجامعہ الشیخ عبدالواحد عبداللہ منعقد ہوا۔مہمان خصوصی خطیب جامع مسجد یوگو مولانا محمد ابراہیم محمد علی تھے۔

19-11-08 کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ (بنات) میں تقریب ختم بخاری منعقد ہوئی۔جس میں طالبات کے والدین نے بھی شرکت کی۔درس بخاری مدیر جامعہ مولانا عبدالواحد عبداللہ نے دیا جبکہ مدیر تعلیم ثناء اللہ عبدالرحیم اور شیخ الحدیث مولانا عبدالرحیم روزی نے سیرت بخاری کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔امسال فارغ ہونے والی طالبات کی تعداد 28 تھی۔

22-11-08 کلیۃ الشریعۃ میں تقریب ختم بخاری منعقد ہوئی ،درس بخاری مدیر الجامعہ مولانا عبدالواحد نے دیا۔تقریب سے قاضی ومفتی جمعیت اہلحدیث بلتستان مولانا بلال احمد،چیف ایڈیٹر التراث مولانا عبدالرشید صدیقی ،نائب شیخ الحدیث مولانا محمد حسین آزاد،مدیر تعلیم اور شیخ الحدیث مولانا ثناء اللہ سالک نے مختلف موضوعات پر خیالات کا اظہار کیا۔امسال فارغ ہونے والے طلباء کی تعداد 21 تھی۔

23-11-08 جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی قسم البنین والبنات میں سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔